© rasailojaraid.com



## اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین............

# استخارہ کی حقیقت اوراس کی شرعی صورت

استخارہ ایک عمل مسنون ہے۔جس کا طریقہ رسول اللہ ﷺ سے بروایت صحیح بخاری اس طرح منقول ہے۔۔۔۔۔۔محمد بن المنکدر رنے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہرکام کے لئے ہمیں استخارہ کی اسی طرح تعلیم دی جس طرح آپ ﷺ نے قرآن کی سورتوں کی تعلیم دی۔حضور ﷺ نے ارشادفرمایا جب تمہیں کوئی کام درپیش ہویا سفر کا ارادہ ہوتو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر یہ دعاء پڑھو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**اللھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک واسئلک من فضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری فاقدرہ لی ویسرہ لی ثم بارک لی فیہ و ان کنت تعلم ان ھذاالامرشر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری فاصرفہ عنی واقدرلی الخیر حیث کان ثم ارضنی بہ ۔**

اے اللہ میں تجھ سے تیرے علم کے ذریعہ خیر کی درخواست کرتاہوں اور تیری قدرت سے تیری مدد اور تجھ سے استقامت چاہتا ہوں اور تجھ سے فضل عظیم کا خواستگار ہوں۔میں قادرنہیں تو صاحب قدرت ہے۔ میں نادان ہوں تو ہی دانا ہے۔الٰہی غیب کا علم تجھی کو ہے۔اے اللہ اگر یہ کام میرے دین میری دنیا میری آخرت اور انجام کے لحاظ سے میرے حق میں بہتر ہے اور جلد یا دیر میں فائدہ دینے والا ہے تو جو چیز میرے حق میں بہتر ہو اور میرے لئے نفع بخش ہو اس کو میرے لئے مقدر اور آسان کر اس میں مجھے برکت دے اور اگر تیرے علم میں یہ کام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میرے دین میری دنیا میری آخرت اور انجام کے لحاظ سے میرے حق میں برا ہو تو اسے مجھ سے دور کر اور میرے لئے خیر اور بھلائی جہاں بھی ہو اس کا حصول میرے لئے آسان کر دے جب تک میں دنیا میں رہوں پھر مجھے اس خیر والے کام کے ساتھ راضی اور مطمئن کر دے۔

استخارہ کی یہ دعاء الفاظ کے معمولی رد و بدل کے ساتھ مختلف کتب حدیث میں مذکور ہے۔ صحیح بخاری کے علاوہ سنن ابن ماجہ اور سنن ابی داؤد میں بھی صلوۃ و دعائے استخارہ کا ذکر ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم باب اسرار الصلوۃ میں یہ بھی لکھا ہے کہ نماز استخارہ کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الکافرون اور دوسری میں سورہ اخلاص پڑھی جائے اور اسکے بعد یہ دعاء کی جائے۔

استخارہ کی اس دعاء کے الفاظ سے یہ بات واضح ہے کہ استخارہ کا عمل دراصل اپنے معاملات میں اللہ تعالی سے رہنمائی حاصل کرنے کا عمل ہے۔ اور خود کو خدا سپردگی کے عمل سے گزارنے کا دوسرا نام ہے۔ اللہ تعالی اپنے بندوں کی یقیناً رہنمائی فرماتا ہے اور اس کے طریقے بھی خود بہتر جانتا ہے۔ بسا اوقات خواب میں کوئی ایسی چیز یا کیفیت دکھا دی جاتی ہے کہ جس سے رہنمائی ہو جائے اور بسا اوقات اس معاملہ کے بارے میں دل میں کوئی بات اللہ تعالی اس طرح ڈال دیتا ہے کہ انسان کو شرح صدر حاصل ہو جاتا ہے اور وہ اس کام کو اللہ کے توکل پر کر گزرتا ہے۔ یا اس کام کے بارے دل میں ایسی بات دل میں بیٹھ جاتی ہے کہ انسان اس سے الگ ہونے ہی میں اطمئنان محسوس کرتا ہے۔

یہ خالصتاً اللہ اور بندے کے مابین ربط و تعلق کا ایک معاملہ ہے اور اللہ سے رہنمائی کے حصول کا ایک ذریعہ ہے۔ استخارہ کا کوئی اور طریقہ کتاب وسنت میں نہیں ملتا۔ نہ ہی کوئی دوسرا طریقہ فقہاء کرام یا محدثین نے استخارہ مسنونہ و مستحبہ کا بیان کیا ہے۔

آج کل جگہ جگہ استخارہ کے بورڈ آویزاں اور بینر لگے ہوئے ہیں، اخبارات درسائل میں اشتہارات چھپ رہے ہیں، اور ٹی وی سے ان کی تشہیر ہو رہی ہے۔ بلکہ ایک ٹی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وی چینل سے تو استخارہ کے نام سے مسلسل ایک پروگرام چل رہا ہے جس میں کوئی صاحب پس پردہ بیٹھے ہیں اور لوگ فون کر کے ان سے اپنے مسائل کا حل دریافت کرتے ہیں اور وہ اسی وقت استخارہ کر کے بتا دیتے ہیں۔ کہ اس کام میں آپ کے لئے خیر ہے یا شر۔ نہ صرف یہ بلکہ کسی نے آپ پر جادو ٹونہ کر رکھا ہے یا جن بھوت کا کوئی اثر آپ پر پڑ گیا ہے۔ اور اس کے لئے کون سا وظیفہ کارآمد ہے۔ ہمارے ایک قاری نے ہمیں بتایا کہ اس ٹی وی چینل کو روزانہ ہزار دو ہزار خط استخارہ پروگرام میں موصول ہوتے ہیں اور یہ بڑا مقبول پروگرام ہے۔

ہمارے اپنے تجزیہ کے مطابق اس وقت شہر کراچی میں بغیر کسی انویسٹمنٹ کے کوئی کاروبار اگر سب سے کامیاب مقبول اور نفع بخش ہے تو وہ یہی ہے۔ من مانی فیس لے لیجئے اور جھوٹ موٹ ہی یہ بتا دیجئے کہ کس نے جادو کیا ہے اور اس کے توڑ کے لئے کیسے بکرے کی سری کس کے گھر کے سامنے یا آنگن میں پھینکنی ہے۔ رشتوں ناطوں کے لئے استخارہ کا کوئی بھی طریقہ اختیار کر کے بتا دیجئے کہ یہ رشتہ مناسب رہے گا یا نہیں اگرچہ وہ طریقہ شرعی ہو یا غیر شرعی۔

دم درود کے غیر شرعی طریقے جو شہر کے مختلف علاقوں میں موجود عاملوں نے اختیار کر رکھے ہیں انہیں سن کر بھی شرم آتی ہے۔ ایک خاتون نے ہمیں خط لکھ کر مطلع کیا کہ فلاں صاحب مریض یا مریضہ کو خلوت میں لٹا کر دم کرتے ہیں اور مقام تکلیف و درد پر ہاتھ رکھ کر افسوں پڑھتے ہیں۔

ٹیلیفونک استخارہ کا پروگرام تو ایک ٹی وی چینل سے پہلے ہی بڑی کامیابی سے چل رہا ہے عین ممکن ہے دم درود کا بھی ایسا ہی کوئی سلسلہ کسی دوسرے ٹی وی چینل سے مقابلہ میں جلد شروع ہو جائے۔

میڈیائی استخارہ و دم درود کو ماڈرن لوگوں کی زبان میں جدید دور کے تقاضوں کے عین مطابق اور ماڈرنیڈ اسلام کی نئی شکل بتایا جائے گا مگر اس کا تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ اس غیر شرعی عمل کو معمولاتِ اہل سنت سے منسوب کیا جا رہا ہے۔ اور ذمہ دار آخر کار علماء اہل سنت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرار پائیں گے۔ اور وہ لاکھ انکار کریں یہ انہی کے کھاتے میں جائے گا۔جیسا کہ مزارات کے میلے ٹھیلے، سرکس، مجرے، ریچھ کتوں کی لڑائیاں اور سجدہ وطواف جاہل عوام کا خود ساختہ ہے۔ مگر کسی نہ کسی طرح علماء اہل سنت کے سر منڈھا جاتا ہے۔

ہماری گزارش علمائے اہل سنت سے یہ ہے کہ وہ خاموش رہیں گے تو ان کی خاموشی رضا سمجھی جائے گی لہذا انہیں برملا اس کا اعلان کرنا چاہیئے کہ صاحبو ہم اسے نہ استخارہ سمجھتے ہیں اور نہ اس کی اجازت دیتے ہیں مزید یہ کہ ہمارا اس سے اور اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔اور استخارہ نام کی جو چیز ٹی وی سے پیش کی جارہی ہے یہ ٹی وی والوں سے استشارہ تو ہوسکتا ہے مگر استخارہ کی تعریف اس پر ہرگز صادق نہیں آتی۔لہذا اسے استخارہ کہنا شرعا درست نہیں ۔عوام الناس کو باخبر کیا جائے کہ وہ اس پروگرام میں خط لکھ کر استخارہ کرانے کا جو عمل کر رہے ہیں اس سے لفظ استخارہ اور اس عمل استخارہ کی توہین ہو رہی ہے جو رسول اللہ ﷺ کا تعلیم فرمودہ عمل ہے۔

ہماری علماء اہل سنت سے استدعا ہے کہ اگر وہ ہماری اس رائے کو درست خیال فرمائیں تو استخارہ نامی پروگرام کو بند کرانے یا کم ازکم اس کا نام تبدیل کرانے میں اپنا رول ادا کریں۔ٹی وی چینل کے مالکان اگر اس بظاہر نفع بخش پروگرام کو جاری ہی رکھنا چاہتے ہیں تو وہ کم ازکم اس کا نام بدل دیں استخارہ کی بجائے استشارہ (مشورہ) رکھ لیں اور اس سے مراد ٹی وی چینل کا مشورہ ہو۔نہ کہ اللہ کا مشورہ۔

وماعلینا الا البلاغ۔-----------------

© rasailojaraid.com